## ایم کیوایم ملک کی واحد لبرل، ڈیموکریٹک سیاسی جماعت ہے جو فرسودہ
## جاگیردارانہ نظام کے خلاف جدوجہد کررہی ہے۔الطاف حسین

**جب سے ایم کیوایم نے جدوجہد کا آغاز کیا ہے اس وقت سے اسٹیبلشمنٹ اور اسٹیبلشمنٹ کے پے رول پر کام کرنے والی جماعتیں ایم کیوایم کے خلاف سرگرم عمل ہیں۔12مئی کا سانحہ بھی ان جماعتوں کی مشترکہ سازش کا حصہ تھا**

**ایم کیوایم کے کارکنان اپنی صفوں میں اتحاد رکھیں اور کسی بھی واقعہ پر کسی قسم کا جوابی ردعمل ہرگز ہرگز نہ کریں**

**تمام ذمہ داران وکارکنان بین اللسانی ہم آہنگی کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں**

**حق پرست عوام لسانی فسادات کرانے والوں کی سازشوں کو اپنے اتحاد وشعور سے ناکام بنادیں**

**ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی اور حق پرست نمائندگان کے اجلاس سے خطاب**

لندن۔۔۔20،مئی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک کی واحد لبرل، ڈیموکریٹک سیاسی جماعت ہے جو ملک پر گزشتہ 60برسوں سے رائج فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خلاف جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست منتخب نمائندگان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق ،سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، رابطہ کمیٹی پاکستان کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، شکیل عمر، وسیم آفتاب، بابر خان غوری، عادل صدیقی، نیک محمد، رابطہ کمیٹی لندن کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، طارق میر، محمد اشفاق، جاوید کاظمی، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیز آبادی، حق پرست صوبائی وزیر بلدیات محمد حسین ،حق پرست مشیر خزانہ ایم اے جلیل، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید جمیل اور ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد شریف نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد لبرل، ڈیموکریٹک سیاسی جماعت ہے جو ملک پر گزشتہ 60برسوں سے رائج فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خلاف جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب سے ایم کیوایم نے ملک کے 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلانے کیلئے عملی جدوجہد کا آغاز کیا ہے اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ اور باصلاحیت افراد کو منتخب ایوانوں میں بھیجا ہے اس وقت سے اسٹیبلشمنٹ اور اسٹیبلشمنٹ کے پے رول پر کام کرنے والی سیاسی ومذہبی جماعتیں اور جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کو تحفظ دینے والی جماعتیں متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف متحدہ محاذ بنا کر سرگرم عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ 12مئی 2007ء کا سانحہ بھی ان جماعتوں کی مشترکہ سازش کا حصہ تھا جس میں بے گناہ معصوم افراد جاں بحق ہوئے جس کا صدمہ ہر دردمند دل رکھنے والے پاکستانی کو ہے۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، صوبائی مشیران، ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست بلدیاتی نمائندوں اور دیگر منتخب نمائندگان کو ہدایت کی کہ وہ پاکستان کے چپے چپے میں جاکر عوام خصوصاً ایم کیوایم کے کارکنان کو میرا پیغام پہنچائیں کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد رکھیں اور کسی بھی واقعہ پر صبر وتحمل سے کام لیتے ہوئے کسی قسم کا جوابی ردعمل ہرگز ہرگز نہ کریں کیونکہ ایم کیوایم کا بنیادی فلسفہ یہ ہے کہ ایم کیوایم نہ صرف ہرقسم کے تشدد کے خلاف ہے بلکہ ملک کے عوام کو ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ سے روشناس کرکے اور انہیں اپنا ہم خیال بنا کر ملک میں عدم تشدد اور پرامن جمہوری جدوجہد کے ذریعے غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب بھی لانا چاہتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے ساتھ ساتھ پاکستان میں رہنے والی مختلف مذہبی اقلیتوں کو بھی نہ صرف پاکستان کا برابر کا شہری سمجھتی ہے بلکہ ان کے حقوق دلانے کیلئے جدوجہد بھی کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف ہے اور مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ دارن اور منتخب نمائندگان کو ہدایت کی کہ وہ پاکستان واپس جاکر شہداء کے لواحقین سے نہ صرف دلی تعزیت کریں بلکہ لواحقین کی ہرممکنہ مدد بھی کریں اور شہر بھر میں قیام امن کیلئے اپنی صلاحیتوں کو استعمال کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام ذمہ داران وکارکنان بین اللسانی ہم آہنگی کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور کراچی میں لسانی فسادات کروانے والوں کی ہر سازش کو پرامن طریقے سے ناکام بنادیں۔ جناب الطاف حسین نے مزید کہا کہ حق پرست نمائندے جس طرح 12مئی سے قبل عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل وزبان عملی خدمت کررہے تھے اسی طرح عوام کی بلاامتیاز خدمت اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے کام کرتے رہیں۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام سے اپیل

کی کہ وہ لسانی فسادات کی سازشوں سے ہوشیار رہیں اور لسانی فسادات کرانے والوں کی سازشوں کو اپنے اتحاد و شعور سے ناکام بنادیں۔ آخر میں سانحہ 12 مئی کے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور سانحہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## ڈاکٹر عمران فاروق کی صدارت میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اہم اجلاس
## 12 مئی کو کراچی میں ہونے والے سانحہ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال جاری ہے
## سانحہ کے حوالے سے ثبوت وشواہد اور سازش کی تفصیلات کا بھی جائزہ
## اجلاس جاری ہے، حتمی نتائج اور فیصلوں کے بارے میں ابھی کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ ترجمان متحدہ قومی موومنٹ

لندن۔۔۔20، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اہم اور طویل اجلاس رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی صدارت میں ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں جاری ہے جس میں لندن میں مقیم اور کراچی سے آنے والے رابطہ کمیٹی کے اراکین کے علاوہ حق پرست نمائندے بھی شریک ہیں۔ اجلاس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینز طارق جاوید، ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، رابطہ کمیٹی پاکستان کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، شکیل عمر، وسیم آفتاب، بابر خان غوری، عادل صدیقی، نیک محمد، رابطہ کمیٹی لندن کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، طارق میر، محمد اشفاق، جاوید کاظمی، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیز آبادی، حق پرست صوبائی وزیر بلدیات محمد حسین، حق پرست مشیر خزانہ ایم اے جلیل، سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید جمیل اور ایم کیو ایم کی کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد شریف شریک ہیں۔ اجلاس میں عام انتخابات کے بعد حکومت میں شامل ہونے کے بعد سے اب تک کی صورتحال خصوصاً 12 مئی 2007ء کو کراچی میں ہونے والے سانحہ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال جاری ہے اور اس سانحہ کے حوالے سے اب تک موصول ہونے والے ثبوت وشواہد اور سازش کی تفصیلات کا بھی جائزہ لیا جارہا ہے۔ رابطہ کمیٹی کا یہ طویل اجلاس نہ صرف یہ کہ آج بھی جاری رہے گا بلکہ اس بات کا بھی امکان ہے کہ یہ اجلاس پیر کو بھی جاری رہے گا۔ واضح رہے کہ رابطہ کمیٹی کا طویل اجلاس ہفتہ کو بھی کسی وقفہ کے بغیر گیارہ گھنٹے تک جاری رہا۔ متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے کہا ہے کہ رابطہ کمیٹی کا اجلاس ابھی کیونکہ جاری ہے اس لئے اجلاس کے حتمی نتائج اور فیصلوں کے بارے میں ابھی کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

## ایم کیو ایم شعبہ اطلاعات 12 مئی کو کی جانے والی دہشت گردی کے شواہد پر مبنی مزید شواہد اور وڈیو چند روز میں میڈیا کے سامنے پیش کرے گا

کراچی۔۔۔20، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کے اعلامیئے کے مطابق 12 مئی 2007ء کو ایم کیو ایم کی ریلی پر اپوزیشن جماعتوں کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے مزید ثبوت حاصل کرلئے گئے ہیں۔ دہشت گردی کے ثبوت پر مبنی یہ تمام ثبوت اور وڈیو چند روز میں میڈیا کے سامنے پیش کی جائے گی۔ شعبہ اطلاعات کے مطابق ایم کیو ایم کی جانب سے ہفتہ کو 12 مئی کے واقعہ کی وڈیو میڈیا کے سامنے پیش کئے جانے کے بعد عوام میں سے بہت سے لوگ ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کررہے ہیں اور 12 مئی کے واقعہ کے حوالے سے ثبوت وشواہد اور دہشت گردوں کی کارروائیوں کی وڈیو جمع کرا رہے ہیں تاکہ ایم کیو ایم انہیں میڈیا اور عوام کے سامنے پیش کرسکے۔ اس سلسلے میں اب تک بڑی تعداد میں ثبوت وشواہد اور وڈیو ایم کیو ایم کے پاس جمع ہوچکی ہیں جنہیں قسطوں کی شکل میں میڈیا کے ذریعے عوام کے سامنے پیش کیا جاتا رہے گا۔

## عمران خان کی جانب سے الطاف حسین کے خلاف برطانیہ میں مقدمہ دائر کرنے کا خیرمقدم، طارق جاوید

## برطانیہ میں رہنے والے ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان عمران خان کے اعلان کردہ

## مقدمے اوران کی برطانیہ آمد کے بے چینی سے منتظر ہیں

لندن۔۔۔20مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سینئر وائس چیئرمین طارق جاوید نے عمران خان کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف برطانیہ کی عدالت میں مقدمہ دائر کرنے کے اعلانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم ان کے ان اعلانات کا خیرمقدم کرتی ہے اور برطانیہ میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان عمران خان کی برطانیہ آمد اور مقدمہ دائر کرنے کیلئے بے چینی سے ان کا انتظار کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان کی ایک بڑی تعداداس بات کی منتظر ہے کہ وہ ملک کے مایہ ناز کھلاڑی عمران خان کومقدمہ دائر کرنے کی صورت میں نہ صرف دیکھ سکیں گے بلکہ اگرموقع ملا تو ان سے ہاتھ بھی ملاسکیں گے۔طارق جاوید نے کہا کہ برطانیہ میں بھی برطانیہ کے مقامی وکیلوں پر مشتمل ایم کیوایم کا ایک مضبوط لیگل سیل موجود ہے جو بے چینی سے عمران خان کے دائر کردہ مقدمہ کا انتظار کررہے ہیں اوروہ بھی چاہتے ہیں کہ اس مقدمہ میں وہ بال ٹمپرنگ، میچ فکسنگ، ڈرگ اسمگلنگ، سیتاوائٹ کے بطن سے پیدا ہونے والی عمران خان کی بیٹی، شوکت خانم اسپتال کیلئے ملک بھراوردنیا بھر سے جمع کئے جانے والے فنڈز میں کی جانے والی بے قائدگیوں، جہادی عناصراور جہادی عناصر کوسپورٹ کرنے والی ایجنسیوں سے ان کے روابط اور دیگرانتہائی اہم امور پر عدالتی فیلڈ میں عمران خان کے دائر کردہ مقدمہ کا کھیل کھیلنے کیلئے بھرپورطریقہ سے تیار ہیں۔

## اسددرانی ملک دشمن قوتوں سے پیسہ لیتے ہیں تاکہ ملک میں لسانیت کی آگ بھڑکائی جائے۔سلیم شہزاد

لندن۔20مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ اسددرانی نے گزشتہ روز ایک ٹی وی چینل کے پروگرام میں اپنی کھلی عصبیت پر مبنی سوچ اور گھناؤنے تعصب کا کھل کر اظہار کیا ہے اس سے ثابت ہوگیا ہے کہ ملک کا بیڑا غرق کرنے میں اسددرانی اوران جیسے شاؤنسٹوں کا کیا کردار رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسددرانی ملک دشمن قوتوں سے پیسہ لیتے ہیں تاکہ ملک میں لسانیت کی آگ بھڑکائی جائے اوراس آگ میں ملک جلد سے جلد فارغ ہوجائے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ جہاں تک اسددرانی کے ذاتی کردار کا تعلق ہے تو سب جانتے ہیں کہ موصوف عورتوں کے شوقین ہیں، زمینوں پر ناجائز قبضہ کرنا ان کا دھندا ہے اور دیگر نہایت شرمناک شوق بھی رکھتے ہیں۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسددرانی کی ملک اور بیرون ملک تمام منقولہ اورغیرمنقولہ جائیداداوراثاثوں کے ریکارڈ کی تمام تفصیلات قوم کے سامنے پیش کی جائیں۔

## کراچی میں لسانی فسادات کی سازش کوعملی جامہ پہنانے والے شاہی سید کے کراچی میں پانچ ناجائز زمینوں پر

## قائم کردہ پیٹرول پمپوں ودیگر بھیانک غیرقانونی کاموں میں ملوث ہونے کے حقائق سے قوم کوجلد آگاہ کیا جائے گا، پی پی اوسی

کراچی۔۔۔20مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے اپنے مشترکہ بیان میں تمام پختون، پنجابی عوام اور کراچی میں رہنے والی دیگر برادریوں سے کہا ہے کہ ایسے وقت میں جبکہ پنجابی، پختون ودیگر مضافاتی علاقوں میں رہنے والوں کے جوان گنت مسائل کبھی کسی حکومت نے حل نہیں کیے تھے اسے ان مسائل کوحل کرنے کے لئے حق پرست منتخب نمائندوں خصوصاً حق پرست ناظم اعلیٰ کراچی سمیت تمام حق پرست نمائندوں نے ان آبادیوں کو لیز دینے کے علاوہ ان کے دیگر بنیادی مسائل حل کئے ہیں اورمزید مسائل کوحل کرنے میں دن رات مصروف ہیں۔جس کی وجہ سے پنجابی پختون عوام کے علاوہ دیگر آبادیوں کے لوگ انتہائی خوشی اوراطمینان کا اظہار کررہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ایسے وقت میں جبکہ کراچی کی مختلف اللسانی آبادیاں ایک دوسرے کے قریب آرہی ہیں تو پختون ایکشن کمیٹی کے نام پر بدنام زمانہ شاہی سید نے جس طرح ان ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ ڈالنے اورشہر کا امن خراب کرنے کیلئے لسانی فسادات کرانے کا جوگھناؤنا منصوبہ بنایا ہے اس سے تمام پختون، پنجابی، بلوچ، سندھی، سرائیکی، کشمیری اوردیگرلسانی اکائیوں کے افراد بخوبی واقف ہیں وہ اس امر سے بھی خوب واقف ہیں کہ کراچی میں محنت مزدوری کی غرض سے آنے والا انتہائی مفلوک الحال شاہی سید

آج اربوں کی جائیداد کا مالک کس طرح بن بیٹھا۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں رہنے والی تمام قومیتوں کے لوگ بشمول پختون عوام اس بات سے واقف ہیں کہ اس نے کراچی میں زمینوں پر جعلسازی کے ذریعہ کس طرح 5، پیٹرول پمپ بنائے اور اربوں کھربوں کی جائیداد کا مالک کس طرح بنا۔انہوں نے کہا کہ عوام یہ بھی خوب جانتے ہیں کہ شاہی سید کا بیٹا اعلیٰ تعلیم کیلئے برطانیہ کے مہنگے ترین تعلیمی ادارے میں تعلیم حاصل کرر ہا ہے اور یہ کراچی میں پختونوں کے نام پر کس طرح لسانی فسادات کرا کے غریب ومظلوم پختونوں کی روزی روزگار پر لات مار رہا ہے۔ پی پی اوسی کے ارکان نے تمام پختونوں ودیگر لسانی اکائیوں سے اپیل کی کہ وہ شاہی سید کی لسانی فسادات کرانے کی سازشوں کا ہرگز شکار نہ ہوں اور شاہی سید کی لسانی فسادات کرانے کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں۔

☆☆☆☆☆